روزنامہ
(ٹیلی فون نمبر 047-6213029) FD-10

الفضل

قائمقام ایڈیٹر : فخر الحق شمس

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعرات 22/اکتوبر 2009ء 2 ذیقعد 1430 ہجری 22 اخاء 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 239

قرآن کا ظاہر و باطن

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

قرآن کی تمام آیات کا ایک ظاہر اور ایک باطن ہے۔

(تفسیر محی الدین ابن العربی برحاشیہ عرائس البیان جلد اول صفحہ 3)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ قرآن اور رسول ایک نور ہے جو تمہاری طرف آیا یہ کتاب ہر ایک حقیقت کو بیان کرنے والی ہے خدا اس کے ساتھ ان لوگوں کو سلامتی کی راہ دکھلاتا ہے جو خدا تعالیٰ کی مرضی کی پیروی کرتے ہیں اور وہ ان کو ظلمات سے نور کی طرف نکالتا ہے اور سیدھی راہ جو اس تک پہنچتی ہے ان کو دکھلاتا ہے۔ وہی خدا ہے جس نے اپنے رسول کو اس ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا ہے تا اس دین کو تمام دینوں پر غالب کرے۔ اے لوگو! قرآن ایک برہان ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے تم کو ملی ہے اور ایک کھلا کھلا نور ہے جو تمہاری طرف اتارا گیا ہے۔ آج تمہارے لئے دین کامل کیا گیا اور تم پر سب نعمتیں پوری کی گئیں اور میری رضامندی اس میں محدود ہوگئی کہ تم دین .... پر قائم ہو جاؤ۔ خدا نے نہایت کامل اور پسندیدہ کلام تمہاری طرف اتارا اس کتاب میں یہ خاصیت ہے کہ یہ کتاب متشابہ ہے یعنی اسکی تعلیمات نہ باہم اختلاف رکھتی ہیں اور نہ خدا تعالیٰ کے قانون قدرت سے منافی ہیں بلکہ جو کمال انسان کے لئے اس کی فطرت اور اس کے قویٰ کے لحاظ سے ضروری ہے اسی کمال کے مناسب حال اس کتاب کی تعلیم ہے .... قرآن کریم اخلاقی تعلیم میں قانون قدرت کے قدم بہ قدم چلا ہے۔ رحم کی جگہ جہاں تک قانون قدرت اجازت دیتا ہے رحم ہے اور قہر اور سزا کی جگہ اسی اصول کے لحاظ سے قہر اور سزا اور اپنی اندرونی اور بیرونی تعلیم میں ہر یک پہلو سے کامل ہے اور اس کی تعلیمات نہایت درجہ کے اعتدال پر واقعہ ہیں جو انسانیت کے سارے درخت کی آبپاشی کرتی ہیں نہ کسی ایک شاخ کی۔ اور تمام قویٰ کی مربی ہیں نہ کسی ایک قوت کی اور درحقیقت اسی اعتدال اور موزونیت کی طرف اشارہ ہے جو فرمایا ہے۔ کتاباً متشابھاً (الزمر:24)

(کرامات الصادقین، روحانی خزائن جلد 7 ص 56 تا 58)

حضور انور کی ایک خواہش و دعا

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے مجلس شوریٰ 2009ء کے نام اپنے پیغام میں فرمایا:

" سب سے بڑھ کر یہ کہ دعاؤں پر بہت زور توجہ دیں۔ یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے ہر احمدی کی اور خاص طور پر عہدیدار کی، کہ جماعتی ترقی اور حالات کی بہتری کے لئے بہت دعائیں کریں۔ نہ صرف اپنی فرض عبادتوں کے معیار بلند کریں بلکہ نوافل سے بھی انہیں سجائیں۔ **مالی قربانی میں تو ماشاء اللہ پاکستان کے احمدیوں نے دنیا کی تمام جماعتوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے لیکن (بیوت الذکر) کی آبادی کی طرف توجہ کی بہت ضرورت ہے۔ اللہ اس میں آپ کو صف اول میں کھڑا کردے۔**"

(مرسلہ: ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2009ء)

نادار مریضوں کی امداد

غریب اور مستحق دل کے مریضوں کی مالی معاونت کیلئے ''نادار مریضان'' کے نام سے ایک مد قائم ہے۔ احباب جماعت اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! کیا تمہیں ایک ایسی تجارت پر مطلع کروں جو تمہیں ایک دردناک عذاب سے نجات دے گی؟

تم (جو) اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاتے ہو اور اللہ کے راستے میں اپنے اموال اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کرتے ہو، یہ تمہارے لئے بہت بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہو۔

وہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں ایسی جنتوں میں داخل کردے گا جن کے دامن میں نہریں بہتی ہیں اور ایسے پاکیزہ گھروں میں بھی جو ہمیشہ رہنے والی جنتوں میں ہیں۔ یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔

(الصّف 11 تا 13)

(ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ)

مشعل راہ

خدا تعالیٰ اخلاص کو ضائع نہیں کرتا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 17/ اکتوبر 2003ء میں فرماتے ہیں:۔

پھر اسی دسویں شرط کے تحت کہ حضرت مسیح موعود سے ایک ایسا تعلق ہوگا جس کی نظیر نہ ہو۔ یہ واقعہ سید عبدالستار شاہ صاحب کا ہے کہ 1907ء میں جبکہ حضرت مسیح موعود کے چھوٹے بیٹے صاحبزادہ مرزا مبارک احمد بیمار ہو گئے اور شدید قسم کا ٹائیفائڈ کا حملہ ہوا۔ ان کی بیماری کے ایام میں کسی شخص نے خواب میں دیکھا کہ مبارک احمد کی شادی ہو رہی ہے۔ اور معبرین نے لکھا ہے کہ اگر شادی غیر معلوم عورت سے ہو تو اس کی تعبیر موت ہوتی ہے مگر بعض معبرین کا یہ بھی خیال ہے کہ اگر ایسے خواب کو ظاہری صورت میں پورا کر دیا جائے تو بعض دفعہ یہ تعبیر ٹل جاتی ہے۔ پس جب خواب دیکھنے والے نے حضرت مسیح موعود کو اپنا یہ خواب سنایا تو آپ نے بھی یہی فرمایا کہ اس کی تعبیر موت ہے مگر اسے ظاہری رنگ میں پورا کر دینے کی صورت میں بعض دفعہ یہ تعبیر ٹل جاتی ہے۔ اس لئے آؤ مبارک احمد کی شادی کر دیں۔ گویا وہ بچہ جسے شادی بیاہ کا کچھ علم نہ تھا حضرت مسیح موعود کو اس کی شادی کا فکر ہوا۔ جس وقت حضور یہ باتیں کر رہے تھے تو اتفاقاً حضرت ڈاکٹر سید عبدالستار شاہ صاحب کی اہلیہ سیدہ سعیدۃ النساء بیگم صاحبہ جو یہاں بطور مہمان آئی ہوئی تھیں صحن میں نظر آئیں۔ تو حضرت مسیح موعود نے ان کو بلایا اور فرمایا ہمارا منشاء ہے کہ مبارک احمد کی شادی کر دیں۔ آپ کی لڑکی مریم ہے۔ آپ اگر پسند کریں تو اس سے مبارک احمد کی شادی کر دی جائے۔ انہوں نے کہا حضور مجھے کوئی عذر نہیں لیکن اگر حضور کچھ مہلت دیں تو ڈاکٹر صاحب سے بھی پوچھ لوں۔ ان دنوں ڈاکٹر صاحب مرحوم اور ان کے اہل و عیال گول کمرہ میں رہتے تھے۔ وہ (اہلیہ حضرت ڈاکٹر صاحب) نیچے گئیں۔ ڈاکٹر صاحب شاید وہاں نہ تھے۔ کہیں باہر گئے ہوئے تھے۔ انہوں نے کچھ دیر انتظار کیا تو وہ آ گئے۔ جب وہ آئے تو انہوں نے اس رنگ میں ان سے بات کی کہ اللہ تعالیٰ کے دین میں جب کوئی داخل ہوتا ہے تو بعض دفعہ اس کے ایمان کی آزمائش ہوتی ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ آپ کے ایمان کی آزمائش کرے تو کیا آپ پکے رہیں گے؟ ان کو اس وقت دو خیال تھے کہ شاید ان کی وجہ سے ڈاکٹر صاحب کو یہ رشتہ کرنے میں تامل ہو۔ ایک تو یہ کہ اس سے قبل ان کے خاندان کی کوئی لڑکی غیر سید کے ساتھ نہ بیاہی گئی تھی اور دوسرے یہ کہ مبارک احمد ایک مہلک بیماری میں مبتلا تھا۔ اور ڈاکٹر صاحب مرحوم خود اس کا علاج کرتے تھے۔ اور اس وجہ سے وہ خیال کریں گے کہ یہ شادی ننانوے فیصد خطرہ سے پُر ہے اور اس سے لڑکی کے ماتھے پر جلد ہی بیوگی کا ٹیکہ لگنے کا خوف ہے۔ ان باتوں کی وجہ سے ڈاکٹر صاحب کے گھر والوں کو یہ خیال تھا کہ ایسا نہ ہو ڈاکٹر صاحب کمزوری دکھائیں اور ان کا ایمان ضائع ہو جائے اس لئے انہوں نے پوچھا کہ اگر اللہ تعالیٰ آپ کے ایمان کی آزمائش کرے تو کیا آپ پکے رہیں گے۔ ڈاکٹر صاحب نے جواب دیا کہ مجھے امید ہے اللہ تعالیٰ استقامت عطا کرے گا۔ اس پر والدہ مریم بیگم مرحومہ نے ان کی بات سنائی اور بتایا کہ اس طرح میں اوپر گئی تھی تو حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ مریم کی شادی مبارک احمد سے کر دیں۔ یہ بات سن کر ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ اچھی بات ہے اگر حضرت مسیح موعود کو یہ پسند ہے تو ہمیں اس پر کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔ ان کا یہ جواب سن کر مریم بیگم مرحومہ کی والدہ، اللہ تعالیٰ ان کے درجات کو ہمیشہ بڑھاتا چلا جائے، رو پڑیں اور بے اختیار ان کی آنکھوں سے آنسو رواں ہو گئے۔ اس پر ڈاکٹر صاحب مرحوم نے ان سے پوچھا کہ کیا ہوا۔ کیا تم کو یہ تعلق پسند نہیں؟ انہوں نے کہا مجھے پسند ہے۔ بات یہ ہے کہ جب سے حضرت مسیح موعود نے نکاح کا ارشاد فرمایا تھا، میرا دل دھڑک رہا تھا اور میں ڈرتی تھی کہ کہیں آپ کا ایمان ضائع نہ ہو جائے اور اب آپ کا جواب سن کر میں خوشی سے اپنے آنسو روک نہیں سکی۔ چنانچہ یہ شادی ہوگئی اور کچھ دنوں کے بعد (جیسا کہ بیماری شدید تھی) وہ لڑکی بھی بیوہ ہوگئی۔ اب دیکھیں اللہ تعالیٰ نے بھی ڈاکٹر صاحب کے اخلاص کو ضائع نہیں کیا اور حضرت مصلح موعود سے ان کی شادی ہوئی جس کا نام حضرت ام طاہر، مریم بیگم تھا۔

(روزنامہ الفضل 16فروری 2004ء)

حوالوں کا بادشاہ

تُو اپنی ذات میں تھا انجمن، ادارہ تھا
اسی لئے تو ہر اک آنکھ کا تُو تارا تھا

بجا ہے یہ کہ حوالوں کا بادشاہ تھا تو
اور اس حوالے سے تیرا یہاں اجارا تھا

روایتوں کے تُو ایسے گلاب چنتا رہا
جنہوں نے حسنِ گلستان کو نکھارا تھا

کوئی بھی جزو عبارت بصد عرق ریزی
تیرے قلم سے جو نکلا تو شاہپارا تھا

غریقِ علم تھی کچھ اس طرح حیات تری
ادائے فرض میں ہر ایک پل گزارا تھا

اے دوست جب تجھے دیکھا تمہارے ہاتھوں میں
نئی کتاب تھی کوئی، نیا شمارہ تھا

بڑے ہی پیار سے جو کل کیا ہے مرشد نے
بتاؤں ذکر وہ کس کا تھا؟ ہاں تمہارا تھا

مبارک احمد عابدؔ

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع: ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ قیمت 5 روپے

تبرکات

فوائد تعلیم النسوان

حضرت سیدہ ناصرہ بیگم صاحبہ بنت حضرت خلیفۃ المسیح الثانی والدہ ماجدہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

تعلیم النسوان کی اہمیت اب اس قدر واضح ہو چکی ہے اور یہ سوال اس قدر مختلف طریق سے ہندوستان میں زیر بحث آچکا ہے کہ اس کے شروع کرنے کے لئے کسی تمہید وغیرہ کی چنداں ضرورت نہیں۔

1۔ ظاہر ہے کہ تعلیم یافتہ عورت اپنی اولاد کی تربیت جس عمدگی اور کامیابی کے ساتھ کرسکتی ہے۔ اس طرح ایک جاہل عورت نہیں کرسکتی۔ تعلیم یافتہ ماں اپنی اولاد کو احکام مذہب اور قومی ضروریات کے مطابق پروان چڑھا سکتی ہے۔ بچوں کی خود ہی استاد اور خود ہی معلم بن سکتی ہے۔ خود حفظ صحت کے اصول پر اپنی زندگی بسر کرسکتی ہے اور انہی اصول پر بچوں کو پرورش کر سکتی ہے۔ جس سے بچوں کے نشوونما پر اچھا اثر پڑتا ہے۔ جو بچے ایسی ماؤں کی گود میں پروان چڑھیں گے۔ انہیں شروع سے ہی اپنے ہم عمر بچوں پر ایک فوقیت حاصل ہوگی اور وہ بڑے ہو کر دنیا کے لئے نہایت مفید وجود ثابت ہوں گے۔ خلاف اس کے ایک جاہل عورت اولاد کی تربیت ایسے احسن طریقے سے نہیں کرسکتی۔ بچوں کی تعلیم و تربیت کا بنیادی پتھر ماں اور صرف ماں کے ہاتھ سے پڑتا ہے۔ اگر بنیاد ہی غلط ہو گی تو عمارت کا حال یقیناً خراب ہوگا۔ جن عورتوں کو مذہب اور اخلاق کی تعلیم نہ دی جائے گی۔ تمدن سے بالکل بے بہرہ اور ناواقف رکھا جائے گا۔ بچوں کی تربیت کا جنہیں علم نہ ہوگا۔ بزرگان ملت اور بڑے لوگوں کے حالات سے وہ محض ناآشنا ہوں گی۔ ایسی عورتوں کی گود میں پلے ہوئے بچے اپنی جاہل ماؤں کی طرح کمزور، بزدل اور کم ہمت ہوں گے۔ ان کے دل میں کبھی کسی قومی ترقی کا شوق پیدا نہیں ہوسکتا اور ان سے کبھی کسی قومی ارتفاع کی امید نہیں کی جاسکتی ہے۔ بلکہ بجائے فائدہ کے ایسے بچے قوم کے لئے نقصان کا موجب بنیں گے۔

2۔ تعلیم یافتہ عورت امور خانہ داری کو بھی عمدگی سے سرانجام دے سکتی ہے۔ گو خلقاً عورت امور خانہ داری کے لئے موزوں بنائی گئی ہے۔ مگر اس کے لئے ایک حد تک تعلیم کی بھی ضرورت ہے خانہ داری کو جاننا معمولی بات نہیں۔ بلکہ اس کے جاننے کے لئے بہت سے فنون جاننے کی ضرورت ہے اور ان کو وہی عورت جان سکتی ہے؟ جو تعلیم یافتہ ہوگی۔ بغیر تعلیم کے کوئی عورت امور خانہ داری کو عمدہ اور احسن طریقہ سے سرانجام نہیں دے سکتی۔

3۔ جس قوم میں عورت تعلیم یافتہ ہوگی۔ وہی قوم ترقی کرسکتی ہے۔ قومی طاقت اور شوکت میں بڑی حد تک تعلیم نسواں کا دخل ہے۔ کوئی قوم اس وقت تک اعلیٰ معیار پر نہیں پہنچ سکتی جب تک اس کی عورت علم کے زیور سے آراستہ نہ ہو۔ عورت کا ان پڑھ ہونا گویا حیات قومی کو نقصان پہنچانا ہے۔ عورت کی تعلیم ہی ملکی ترقی کا ذریعہ اور قومی تہذیب کا وسیلہ ہے اور انہی کی تعلیم پر آئندہ نسل کی عمدہ تعلیم و تربیت کا انحصار ہے۔

4۔ جو عورت تعلیم یافتہ ہوگی وہ اپنے شوہر اور اعزا کے مزاج کے مطابق عمل کرے گی اور گھر کو شوہر کے لئے خوشی اور مسرت کا گھر بنائے گی۔ اپنی اولاد کی جسمانی اور اخلاقی حالت کو درست کرے گی۔ اس کے خلاف ایک جاہل عورت ایسا ہرگز نہیں کرسکتی۔ وہ اپنے شوہر کے حقوق کو پورا نہیں کرسکتی۔ وہ ان مشکلات کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ جو اس پر وقتاً فوقتاً پڑ سکتی ہیں۔

5۔ جو عورت مذہب کی تعلیم سے اچھی طرح واقف ہوگی اور اسے اچھی طرح جانتی ہوگی۔ وہ دوسری اقوام کے اثر کو اتنی جلدی قبول نہیں کرسکتی۔ جتنی جلدی ایک جاہل عورت ۔ جب عورت اپنے مذہب سے ناآشنا ہوگی تو یقینی امر ہے کہ وہ دوسرے کے مذہب کو جلدی قبول کرلے گی اور اس کا نتیجہ جو ہوگا وہ ظاہر ہے۔ مگر وہ عورت جو اپنے مذہب کو اچھی طرح سمجھتی ہوگی وہ دوسروں کو اپنے اثر کے نیچے لانے کی کوشش کرے گی۔

6۔ تعلیم نسواں کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ تعلیم کے ذریعہ سے بہت سی فضول اور نقصان دہ رسوم اور رواجات سے نجات حاصل کی جاسکتی ہے۔ آج کل ہندوستانی عورتیں جس طرح غلاموں کی مانند جاہلانہ رسوم و رواج کی پابند ہیں اور ان کو چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ہوتیں وہ صرف جہالت کا نتیجہ ہے۔ جو علوم کی روشنی کے سامنے بہت جلد مٹایا جاسکتا ہے۔

7۔ تعلیم نسوان کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ اس کے ذریعہ عورت اپنی مشکلات کے وقت میں خود اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے قابل ہوسکتی ہے۔ دنیا میں بہت دفعہ ایسے حالات پیش آجاتے ہیں کہ ایک عورت بالکل بغیر ذریعہ معاش کے ہو جاتی ہے اور کوئی مرد اس کا پُرسان حال نہیں رہتا۔ ایسی صورت میں یقیناً ایک تعلیم یافتہ عورت ایک جاہل عورت کی نسبت اپنی زندگی کے متعلق بہتر انتظام کرسکتی ہے۔

افسوس! کہ تعلیم نسواں کی اس قدر ضرورت اور فوائد کے ہوتے ہوئے بھی اس کی طرف بہت کم توجہ ہے اور مومن عورتوں کا اکثر حصہ تعلیم سے بالکل بے بہرہ ہے۔

8۔ ہم ایسے مذہب سے تعلق رکھتے ہیں۔ جو سب مذاہب کی نسبت تعلیم پر زیادہ زور دیتا ہے اور اسے ہر مومن کے لئے فرض قرار دیتا ہے۔ باوجود اس کے ہم تعلیم نسوان کی تعلیم سے سخت غفلت برت رہے ہیں:

ایک ہم ہیں کہ لیا اپنی بھی صورت کو بگاڑ
ایک وہ ہیں جنہیں تصویر بنا آتی ہے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جہاں اپنی امت کو حصول تعلیم کی عام رغبت دلائی ہے۔ وہاں لڑکیوں کی تعلیم کے متعلق خصوصیت کے ساتھ زور دیا ہے اور فرمایا ہے کہ جو والدین اپنی لڑکیوں کو اچھی تعلیم و تربیت دیں گے۔ وہ خدا کے نزدیک دہرے اجر کے مستحق ہوں گے اس کی یہی وجہ ہے کہ جہاں مردوں کی تعلیم کا اثر عموماً خود ان کی ذات تک اور ان کے زمانہ تک محدود رہتا ہے۔ وہاں لڑکیوں کی تعلیم کا اثر آئندہ نسل پر ایک ایسا گہرا اثر پیدا کرتا ہے۔ جس کا اندازہ نہیں کیا جاسکتا۔ پس عورتوں کی تعلیم نہ صرف اس لئے مفید ہے۔ کہ اس کا فائدہ ان کی ذات کو پہنچتا ہے۔ بلکہ اس لئے بھی کہ بالواسطہ طور پر مردوں کے اخلاق و عادات پر بھی اس کا نہایت گہرا اثر پڑتا ہے۔

خلاصہ کلام یہ کہ تعلیم کے نتیجہ میں نہ صرف عورت اپنی ذات میں بہتر عورت بن سکتی ہے۔ بلکہ وہ ایک بہتر بیٹی، بہتر بہن، بہتر بیوی اور بہتر ماں اور ملک کی ایک بہتر شہری بننے کے قابل ہو جاتی ہے اور یہ جملہ باتیں اس قدر عظیم الشان فوائد اور برکات اپنے اندر رکھتی ہیں کہ جن پر قوموں کی ترقی کا بڑی حد تک دارومدار ہے۔

(روزنامہ الفضل 23/اپریل 1929ء)

آفتاب و ماہتاب

فیض میں آفتاب لگتا ہے
حسن میں ماہتاب لگتا ہے

خُلق میں الکتاب لگتا ہے
آپ اپنا جواب لگتا ہے

جس بھی پہلو سے دیکھئے اس کو
پور پور انتخاب لگتا ہے

بات میں رنگ اور خوشبو ہے
لہجہ بالکل گلاب لگتا ہے

روز دیکھے ہیں خواب ملنے کے
جب سے دیکھا ہے خواب لگتا ہے

امۃ الباری ناصر

مکرم محمد اشرف کاہلوں صاحب

حضرت مصعب بن عمیرؓ

مکہ شہر میں ایک حسین وجمیل اور خوبرو نوجوان تھا۔ جو عمدہ لباس زیب تن رکھتا اور بہترین لطیف نشاط افزا عطریات سے اپنے لباس وجسم کو معطر رکھتا تھا کیونکہ وہ بڑے ناز ونعم میں پلا بڑھا تھا۔ یہ نوجوان مصعب بن عمیر تھا۔ ان کے والد کا نام عمیر تھا۔ والدین کی آنکھوں کا تارا تھا۔ خصوصاً ان کی والدہ جو ایک مالدار خاتون تھیں۔ انہوں نے اپنے گوشۂ جگر کو نہایت ناز ونعمت سے پروان چڑھایا تھا۔ آنحضرت ﷺ جب بھی آپؓ کا تذکرہ کرتے تو فرماتے:۔

''مکہ میں مصعب سے زیادہ کوئی حسین خوش لباس اور پروردہ نعمت نہیں ہے۔''

(سیر الصحابہؓ جلد 2 صفحہ 375)

قبول اسلام

حضرت نبی اکرم ﷺ نے اپنی بعثت کے چوتھے سال دارارقم کو اپنی تبلیغی سرگرمیوں کا مرکز بنایا اور یہ مرکز تبلیغ چھٹے سال تک رہا۔ چونکہ خالق ارض وسماء نے جہاں ظاہری حسن وجمال سے نوازا ہوا تھا۔ وہیں سلامت فکر وذوق اور طبع لطیف کے ساتھ آئینہ قلب کو بھی نہایت صاف وشفاف بنایا ہوا تھا۔ توحید صافی کی جب نورانی شعاعوں کا عکس آئینہ دل پر پڑا۔ تو اس نے روح کو شرک سے متنفر کر دیا۔ آپؓ بارگاہ رسالت مآبؐ میں حاضر ہوئے اور قبول اسلام کی دولت سے مالامال ہوئے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب آنحضور ﷺ دارارقم میں دعوت اسلام کو عام کر رہے تھے وہ زمانہ تھا جب سر زمین مکہ باوجود وسعت کے مسلمانوں پر روز افزوں تنگ ہو رہی تھی۔

آپؓ کے قبول اسلام کا علم جب ان کی ماں اور خاندان والوں کو ہوا تو محبت و پیار نفرت میں بدل گیا۔ اقرار توحید ورسالت جرم عظیم ٹھہرا۔ قید وبند کی صعوبتوں میں آپؓ کو جکڑ دیا گیا۔

ہجرت حبشہ

آپؓ ایک عرصہ تک مصائب کا نشانہ بنے رہے۔ بالآخر تلخ حالات نے ترک وطن پر مجبور کر دیا اور حضرت سرور کونین ﷺ کی ایما پر ہجرت حبشہ کے لئے رختِ سفر باندھ لیا۔ ہجرت حبشہ اولیٰ جس میں گیارہ مرد اور چار عورتیں شامل تھیں۔ آپؓ ان میں سے ایک تھے۔

اس ناز پروردہ نوجوان کو اب نہ تو عمدہ پوشاک کی ضرورت وجاہت تھی نہ لطیف ترین عطر کی۔ جلوۂ توحید ورسالت نے اس کو تمام دنیاوی سامانِ جاہ وحشمت سے بے نیاز کر دیا تھا۔

ایک عرصہ کے بعد جب مکہ واپس آئے تو وہ پہلا سارنگ وروپ باقی نہ رہا تھا۔ خود ان کی ماں نے اپنے نورِ چشم کی خستہ حالی دیکھی تو ممتا جاگ اٹھی اور مظالم سے باز آ گئی۔

مدینہ روانگی

11 نبوی ماہ رجب یثرب کے قبیلہ خزرج کے 6/افراد کو قبول اسلام کی سعادت نصیب ہوئی۔ ان میں سے ایک اسعد بن زرارہؓ بھی تھے۔ آپؓ کا تعلق خزرج کی شاخ بنونجار سے تھا۔ گویا مدینہ میں آپؓ اول المصدقین میں سے تھے۔

دوسرے سال 12 نبوی حج کے موقعہ پر بیعت عقبہ اولیٰ ہوئی۔ یثرب کے بارہ اشخاص ایمان کی دولت سے بہرہ ور ہوئے۔ انہوں نے بارگاہ نبوت میں درخواست کی کہ ان کے ہاں ایک شخص بھیجا جائے جو یثرب میں تعلیم دین اور اشاعت اسلام کا فریضہ سرانجام دے۔ حضرت نبی اکرم ﷺ کی نگاہِ انتخاب حضرت مصعب بن عمیرؓ پر پڑی اور آپؓ کو یثرب روانہ کیا۔

مدینہ میں تبلیغ

آپؓ آنحضرت ﷺ کے ارشاد مبارک کی تعمیل میں مدینہ چلے آئے اور دعوت اسلام میں مصروف ہو گئے۔ اس زمانہ میں مبلغ اسلام کو ''قاری'' یا ''مقریٔ'' کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ آپؓ بھی ''مقریٔ'' کے نام سے یثرب میں مشہور ہوئے۔

(سیرۃ خاتم النبیّین صفحہ 225)

مدینہ میں آپؓ حضرت اسعد بن زرارہؓ کے ہاں قیام پذیر ہوئے اور دین اسلام کی تبلیغ میں لگ گئے۔ آپؓ کی تبلیغی سرگرمیاں رنگ لائیں اور رفتہ رفتہ حامیانِ دین حق کی تعداد میں اضافہ ہونے لگا۔

حضرت سعد بن معاذؓ کا قبول اسلام

حضرت مصعب بن عمیرؓ کی دعوت حق نے جب زور پکڑا تو ایک دن قبیلہ عبدالاشہل کے سردار سعد بن معاذ نے اپنے ایک دوست اسید بن حضیر سے کہا کہ اس داعی اسلام کو اپنے محلّہ سے نکال دو۔ یہ سادہ لوح لوگوں کو گمراہ کر رہا ہے چونکہ سعد بن معاذ حضرت اسعد بن زرارہؓ کے خالہ زاد بھائی تھے۔ اس لئے خود منع کرنے میں ہچکچا رہے تھے۔ اُسید بھی اپنے قبیلہ کے ممتاز روساء میں سے تھے وہ حضرت مصعبؓ اور اسعدؓ کے پاس آئے اور بڑے غضب آلود لہجہ میں حضرت مصعبؓ سے مخاطب ہوئے اور کہا۔ ''تمہیں یہاں کس نے بلایا ہے؟ عوام الناس کو گمراہ کرتے ہو۔ اگر جان عزیز ہے تو ابھی یہاں سے چلے جاؤ۔'' حضرت مصعبؓ نے بڑی نرمی اور محبت سے جواب دیا کہ ''آپ اطمینان سے میری باتیں سنیں اگر پسند آویں تو قبول کریں ورنہ ہم خود یہاں سے چلے جائیں گے۔'' اُسید بیٹھ گیا۔ آپؓ نے چند آیات قرآنی تلاوت کیں اور بعد میں نہایت خوبی اور احسن رنگ میں محاسن اسلام بیان کئے کہ اُسید کا دل نور ایمان سے چمک اٹھا۔ ظلماتی زنگ دُور ہوا۔ بیتابی سے بولے ''کیسا عمدہ مذہب ہے!'' توحید ورسالت کا اقرار کر کے دائرہ اسلام میں داخل ہو گئے'' اس کے بعد کہا کہ میں ابھی ایک شخص کو آپؓ کے پاس لاتا ہوں۔ اگر وہ مسلمان ہو گیا تو اس کا تمام قبیلہ حلقہ بگوش اسلام ہو جائے گا۔

جب حضرت اُسیدؓ واپس سعد بن معاذ کے پاس لوٹے۔ تو دُور سے دیکھ کر کہا۔ واللہ! یہ وہ پہلا والا شخص نہیں رہا۔'' قریب آئے تو پوچھا ''کیا کر آئے ہو؟'' حضرت اُسید ایک بہانہ کے ساتھ سعد بن معاذ کو حضرت مصعبؓ کے پاس لے آئے۔ حضرت اسعدؓ سے کہنے لگے۔ ''ابوامامہ بخدا! اگر آپؓ سے تعلق رشتہ داری نہ ہوتا۔ تو میں تمہارے ساتھ نہایت سختی سے پیش آتا اور اپنے محلّہ میں اعلانیہ تبلیغ اسلام کی اجازت نہیں دیتا۔''

اس پر حضرت مصعبؓ نے بڑی نرمی سے سعد بن معاذ سے کہا۔ آپ بیٹھیں۔ اگر آپ کو ہماری باتیں اچھی لگیں تو قبول کرنا۔ ورنہ ہم خود ہی آپ سے کنارہ کش ہو جائیں گے۔ سعد بن معاذ نے یہ بات قبول کر لی۔ حضرت مصعبؓ نے دین اسلام کی جملہ خوبیاں اس احسن طریق پر بیان کیں کہ سعد بن معاذؓ کا دل قبول اسلام پر مستعد ہو گیا اور نور ایمان سے شرف یاب ہوئے۔ بعد میں اپنے قبیلہ کی طرف آئے اور ببانگ دہل ان سے سوال کیا ''اے بنواشہل! بتائیں میں کون ہوں''؟ انہوں نے جواب میں کہا ''تم ہمارے سردار ہو۔ ہم سب سے زیادہ عقل مند اور عالی نسب ہو'' اس پر حضرت سعد بن معاذؓ بولے واللہ! تمہارے مردوں اور عورتوں سے بات کرنا مجھ پر حرام ہے تاوقتیکہ تم سب دین اسلام میں داخل نہ ہو جاؤ۔''

اس طرح عبدالاشہل کا سارا قبیلہ ایک ہی دن اسلام کے نور سے فیضیاب ہو گیا۔

مدینہ میں جب مسلمانوں کی ایک کثیر جماعت پیدا ہو گئی تو آپؓ نے حضرت رسول اکرم ﷺ کی اجازت سے حصرت سعد بن خیثمہؓ کے مکان پر نماز جمعہ کی بنا ڈالی۔ نماز کے بعد نمازیوں کی ضیافت کے لئے ایک بکری ذبح کی گئی۔

(سیر الصحابہ جلد 2 صفحہ 379 بحوالہ طبقات ابن سعد ناشر ادارہ اسلامیات انارکلی لاہور)

بیعت عقبہ ثانیہ

حضرت مصعبؓ کی شبانہ روز تبلیغی کاوشوں کے نتیجہ میں مدینہ کے کم وبیش ہر گھر میں شمع ہدایت روشن ہوئی۔ ایک ہی سال کے عرصہ میں اہل یثرب کی اکثریت اسلام کی فدائی بن گئی۔ چنانچہ 13 نبوی حج کے موقعہ پر 70/افراد نے حضرت سرور کائنات ﷺ کے دست مبارک پر بیعت کرنے کی سعادت پائی اور ان فدایان اسلام نے حضرت سرور دوعالم ﷺ کو مدینہ تشریف لانے کی دعوت بھی دی۔ اس بار انصار مدینہ کے ہمراہ حضرت مصعبؓ بھی مکہ آئے اور آستانہ نبوت میں حاضر ہو کر مدینہ کے حالات وواقعات سے آنحضور ﷺ کو آگاہ کیا۔ حضرت رسول کریم ﷺ آپؓ کی ساعی جمیلہ پر بہت خوش ہوئے۔

مکہ میں آپؓ تین ماہ انوار نبوت محمدیہ سے اپنے صحنِ سینہ کو منور کرنے کے بعد آنحضرت ﷺ کی ہجرت مدینہ سے بارہ دن قبل مستقل رہائش کے طور پر مدینہ لوٹے۔

غزوات میں شرکت

غزوۂ بدر میں آپؓ شامل ہوئے۔ اس جنگ میں مہاجرین مکہ کا علم آپؓ کے ہاتھ میں تھا۔ غزوہ احد میں قریش مکہ نے حسب روایت جھنڈا طلحہ کے ہاتھ میں دیا۔ طلحہ قریش کی اس شاخ سے تعلق رکھتے تھے جو قریش کے مورث اعلیٰ قصی بن کلاب کے قائم کردہ انتظام کے ماتحت جنگوں میں علمبرداری کا حق رکھتا تھا۔

جب آنحضرت ﷺ کو اس بات کا علم ہوا۔ تو آپؐ نے فرمایا۔ ''ہم قومی وفاداری دکھانے کے زیادہ حقدار ہیں'' یہ فرما کر آپؐ نے حضرت علیؓ سے علم لے کر مہاجرین کا جھنڈا حضرت مصعبؓ کے سپرد فرمایا جو اس خاندان کا فرد تھا۔ جس سے طلحہ کا تعلق تھا۔

(سیرۃ خاتم النبیّین صفحہ 488)

شہادت

جنگ احد میں جب آپؓ علم تھامے میدان جنگ میں سینہ سپر تھے۔ تو ایک کافر عبداللہ بن قمئہ نے آپؓ پر تلوار سے حملہ کیا۔ اس سے آپؓ کا دایاں ہاتھ کٹ گیا۔ بائیں ہاتھ سے علم پکڑ لیا۔ دوسرے وار سے ابن قمئہ نے بایاں ہاتھ کاٹ دیا۔ تو آپؓ نے دونوں بازوں سے جھنڈے کو پکڑ کر سینہ سے لگا لیا۔ لیکن تیسرے وار سے آپؓ شہید ہو گئے اور علم اسلامی دوسرے دو صحابہؓ نے پکڑ کر بلند کر دیا۔

(سیرت خاتم النبیّین صفحہ 493 بحوالہ زرقانی)

تجہیز وتکفین

جنگ اُحد کے خاتمہ کے بعد حضرت رسول اکرم ﷺ نے آپؓ کی لاش کے قریب کھڑے ہو کر ایک آیت قرآنی تلاوت فرمائی اور پھر لاش سے مخاطب ہو کر فرمایا

لباس کوئی اور نہ دیکھا۔ لیکن آج میں دیکھتا ہوں کہ تمہارے بال الجھے ہوئے ہیں اور جسم پر فقط ایک چادر ہے۔'' یہ زمانہ اہل اسلام کے تنگ دستی اور کسمپرسی کا تھا۔ شہداء احد کو کفن تک نصیب نہ تھا۔ حضرت مصعبؓ کی لاش پر ایک چادر تھی۔ جس سے اگر سر ڈھانپا جاتا تو پاؤں ننگے ہو جاتے۔ پاؤں چھپائے جاتے تو سر چادر سے باہر ہوتا۔ بالآخر چادر سے چہرہ ڈھانپ دیا گیا اور پاؤں پر گھاس ڈالی گئی۔

(بخاری غزوہ اُحد)

سیرت و کردار

حضرت مصعبؓ نہایت ذہین اور خوش بیان داعی الی اللہ تھے۔ یثرب میں جس تیزی اور سرعت سے اسلام پھیلا۔ اس سے آپؓ کے اوصافِ حمیدہ کا بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے۔ قرآن کریم سے محبت وعقیدت کا یہ عالم تھا کہ آپؓ کی زندگی تک جو بھی نزول قرآن ہو چکا تھا۔ وہ آپؓ کو حفظ تھا۔

جفاکشی اور ثابت قدمی اور استقلال جیسی چیزیں جز و فطرت بن چکی تھیں۔ مزاج قدرتی طور پر لطافت پسند تھا۔ قبول اسلام سے قبل آپ کی زندگی کا معمول عمدہ پوشاک زیب تن کرنا۔ بہترین عطریات کا استعمال کرنا اور حضرمی جوتا جو محض امراء کے لئے مخصوص تھا اس کا پہننا عام تھا۔ لیکن جب آغوش اسلام میں آئے تو یہ تمام تکلفات فراموش ہو گئے۔ ایک دن دربار نبوت میں اس حالت میں حاضر ہوئے کہ جسم پر ستر پوشی کیلئے صرف ایک کپڑا تھا۔ جس میں جگہ جگہ پیوند لگے ہوئے تھے۔ یہ وہ نوجوان تھا جس سے زیادہ مکہ میں لطافت پسند اور ناز پروردہ نہ تھا۔ لیکن نیکیوں کی رغبت اور اللہ اور اس کے رسول کی محبت نے اس نوجوان کو تمام دنیاوی چیزوں سے بے نیاز کر دیا۔''

(سیر الصحابہؓ جلد 2 صفحہ 384-383)

ایک اور موقعہ پر پیوند لگے کپڑے کے ساتھ آنحضرت ﷺ کے پاس آئے۔ تو رسول اللہ ﷺ کو آپؓ کا پہلا زمانہ یاد آ گیا اور آپؐ چشمِ پُر آب ہو گئے۔

(بخاری۔ حالات اُحد)

حضرت رسول اکرم ﷺ سے بے پناہ عقیدت اور محبت تھی۔ بیعت عقبہ ثانیہ کے زمانہ میں آپؓ یثرب کے مسلمانوں کے ہمراہ مکہ آئے تھے۔ آپؓ کی ماں کو جب آپ کی آمد مکہ کا علم ہوا۔ تو انہوں نے ملاقات کے لئے پیغام بھجوایا۔ تو آپؓ نے جواباً کہا۔ ''میں رسول اللہ ﷺ کی قدم بوسی سے قبل کسی سے ملنے نہیں جاؤں گا۔ چنانچہ آپؓ نے رسالت مآب ﷺ سے شرفِ ملاقات کی سعادت کے بعد اپنی ماں سے ملنے گئے۔''

(سیرۃ خاتم النبیّین صفحہ 227)

دین اسلام سے گہری وابستگی اور تعلق تھا۔ اپنی والدہ سے ملے۔ وہ بہت رنجیدہ خاطر تھی۔ اپنے لخت جگر کو دیکھ کر بہت روئی اور شکوہ وشکایت کی۔ حضرت مصعبؓ نے یہ کیفیت دیکھی تو کہا ماں! میں تم سے ایک اچھی بات کہتا ہوں جو تمہارے لئے بہت فائدہ مند اور مفید ہے اور تمام جھگڑوں کے لئے قول فیصل ہے اس نے کہا وہ کیا ہے؟ آپؓ نے کہا۔ بت پرستی ترک کر کے اسلام میں داخل ہو جاؤ۔ وہ تو پکی مشرکہ تھی۔ ایسے کلمات سن کر شور مچا دیا اور کہنے لگی ''مجھے ستاروں کی قسم میں تمہارے دین میں ہرگز داخل نہ ہوں گی'' اس کے ساتھ ہی اپنے رشتہ داروں کو اشارہ کیا کہ مصعبؓ کو پکڑ کر قید کر لیں۔ مگر آپؓ وہاں سے نکلنے میں کامیاب ہو گئے۔

(سیرۃ خاتم النبیّین صفحہ 227)

آپؓ کی بیوی کا نام حمنہ بنت جحش تھا۔ اس کے بطن سے زینب نامی لڑکی پیدا ہوئی۔

خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

تبصرہ

رفقاء احمد جلد دوم

مصنف: ملک صلاح الدین ایم اے

ناشر: عبدالمنان کوثر

ضخامت: 718 صفحات

زیر اہتمام: مجلس انصار اللہ پاکستان

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصار اللہ پاکستان کو رفقاء احمد جلد دوم شائع کرنے کی سعادت عطا ہوئی ہے اور اس طرح رفقاء احمد کی دس جلدیں پایہ تکمیل کو پہنچ کر اشاعت کے بعد منظر عام پر آچکی ہیں۔ رفقاء حضرت مسیح موعود کے حالات زندگی اور سیرت وسوانح پر مشتمل اس قدر ضخیم مواد جمع کرنے کا علمی و قلمی کارنامہ جو کہ مکرم ملک صلاح الدین صاحب ایم اے نے سرانجام دیا ہے تاریخ احمدیت میں یادگار رہے گا۔ اس سے استفادہ کرنے والے آپ کو مسلسل ثواب پہنچانے والے ثابت ہوں گے۔ اس قسم کی کتب جو دراصل تاریخ ہیں آئندہ نسلوں کے لئے مشعل راہ ثابت ہوتی ہیں۔ امید واثق ہے کہ رفقاء حضرت مسیح موعود کے حالات کا جمع کرنا اور شائع کرنا جماعت احمدیہ کی آنے والی نسلوں کے واسطے موجب ازدیاد ایمان وعرفان، تقویٰ و طہارت میں ترقی کا موجب اور دعوت الی اللہ میں ممد ہوں گے۔

حضرت مسیح موعود کے رفقاء کے سوانحی حالات ایک جگہ مرتب کرنے کا کام مکرم ملک صلاح الدین صاحب ایم اے نے کیا اور عرصہ دراز کی محنت و کاوش کے بعد رفقاء احمد کے نام سے رفقاء حضرت مسیح موعود کا تذکرہ بڑے اہتمام کے ساتھ شائع کیا۔ یہ اس مقدس تذکرہ کی دوسری جلد ہے جس میں حضرت نواب محمد علی خان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے مفصل و مکمل حالات آپ کا شجرہ نسب قادیان کے مقدس مقامات کے نقشہ جات، مکتوبات نواب محمد علی خاں صاحب بنام حضرت خلیفۃ المسیح الثانی، خدمات سلسلہ، انفاق فی سبیل اللہ، نشانات، نواب صاحب کے لئے حضرت اقدس مسیح موعود کی دعائیں اور آپ کی سیرت کے مختلف پہلوؤں کا تفصیل کے ساتھ ذکر موجود ہے۔ بحیثیت مجموعی کتاب نہایت دلچسپ اور سبق آموز ہے۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ہر احمدی گھر میں یہ کتاب موجود ہو تا کہ حضرت مسیح موعود کے مقدس رفقاء کے ذاتی حالات سے ہر شخص نصیحت اور سبق حاصل کرے اور ان کی زندگیوں کو اپنے لئے مشعل راہ بنائے۔

وہ لوگ جنہیں اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود پر ابتدائی زمانہ میں ایمان لانے کی سعادت بخشی، ان کی زندگیوں کے ایمان افزا اور روح پرور واقعات کے نظارے صدیوں بعد ہی مشاہدے میں آسکتے ہیں۔ ایسے انسانوں کی زندگی کے حالات کو قلمبند اور محفوظ کرنے کے لئے جو بھی سعی کی جائے وہ قابل قدر ہے۔

زیر تبصرہ کتاب میں حضرت مسیح موعود کے دو درجن کے قریب غیر مطبوعہ مکتوبات شائع کئے گئے ہیں۔ اسی طرح حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کا ایک غیر مطبوعہ مکتوب درج کیا ہے۔ کتاب کے شروع میں رفقاء احمد جلد اول و دوم کے بارے میں بزرگان سلسلہ کے نیک تاثرات اور تبصرے بھی درج ہیں۔

حضرت نواب محمد علی خان صاحب رئیس خاندان ریاست مالیر کوٹلہ ہیں۔ مورث اعلیٰ نواب صاحب کے شیخ صدر جہاں ایک باخدا بزرگ تھے جو اصل باشندہ جلال آباد سروانی قوم کے پٹھان تھے۔ نواب محمد علی خان صاحب یکم جنوری 1870ء میں غالباً شنبہ و یک شنبہ کی درمیانی رات کو پیدا ہوئے۔ آپ اپنے والد کی چوتھی بیگم نواب بیگم صاحبہ بنت سردار خان کے بطن سے پیدا ہوئے۔ والد بزرگوار نواب غلام محمد خان صاحب کی طرف سے نہایت عمدہ اور اعلیٰ تربیت پائی۔ سخاوت اور حوصلہ عالی نواب محمد علی خان صاحب نے انہی سے ورثہ میں پایا تھا۔ فرماتے تھے کہ بچپن میں ہی طبیعت میں عزم تھا جس بات کو درست سمجھتا تھا اس پر پورے طور پر قائم رہتا۔ بچپن میں ہی قوم کے لئے غیرت تھی اور غلامی کو برا سمجھتے تھے۔ آپ کو ہر چیز کی دریافت کا فطرتاً شوق تھا۔ سوچنے کی عادت عہد طفولیت سے تھی۔

اللہ تعالیٰ کی توفیق سے حضرت نواب صاحب نے کیا حالی اور کیا قالی غرضیکہ ہر رنگ میں سلسلہ کی بیش ازبیش خدمات سرانجام دیں اور ان کا قدم ہر لحظہ شاہراہ ترقی پر گامزن رہا اور انہوں نے سلوک کی بہت سی منازل طے کیں اور اللہ تعالیٰ نے بھی ان کو اور ان کی اولاد کو اپنے خاص فضل سے نوازا۔ ان کی خدمات جلیلہ میں سے دعوت الی اللہ بھی ہے۔ آپ کی بیعت اور پھر آپ کی فدائیت کا اعلیٰ نمونہ مجسم دعوت الی اللہ تھا۔ آپ نے دعوت الی اللہ سے کسی قسم کا دریغ نہیں کیا۔ نواب صاحب نے انفاق فی سبیل اللہ کے طور پر جو بہترین خدمات سرانجام دیں وہ ہمارے لئے ایک زندہ رہنے والا اور قابل تقلید اسوہ حسنہ ہے۔ ان کی مالی قربانیوں میں جو روح کام کرتی تھی اس کا علم حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کے مکتوب سے ہوتا ہے جو کہ اس کتاب میں درج ہیں۔ الفضل کے اجراء کے تعلق میں حضرت نواب صاحب نے جن حالات میں جو اعانت کی وہ قابل صد تحسین ہے۔ صبر واستقامت کے اعلیٰ مقام پر حضرت نواب صاحب فائز تھے۔ جن حالات میں آپ نے احمدیت قبول کی اور شجاعت سے اس کا اظہار کیا یہ آپ ہی کا حصہ تھا ورنہ شاذ و نادر ہی لوگ ایسے صبر واستقامت اور شجاعت کا اظہار کرتے ہیں۔ حضرت اقدس کی طرف سے تربیت کا ایک جزو یہ تھا کہ نواب صاحب کو ہمیشہ صبر واستقامت کی تلقین فرماتے تھے۔ اس کتاب میں مندرج حضرت مسیح موعود کے مکتوبات سے اس بات کا برملا اظہار ہوتا ہے۔ طبیعت میں فطرتی سخاوت کا جوش تھا اور بسا اوقات وہ اپنی ضرورتوں پر دوسروں کو مقدم کر لیتے تھے۔ ہمیشہ چہرہ پر خوشی اور مسرت کھیلتی تھی اور اللہ تعالیٰ پر اس قدر توکل اور بھروسہ تھا کہ بعض اوقات سفر کا ارادہ کر لیا اور کچھ ہاتھ میں نہیں مگر آخر وقت پر اللہ تعالیٰ نے عجیب عجیب رنگوں میں سامان کر دیا۔ سلسلہ کے کاموں میں ہمیشہ پیش پیش رہتے تھے۔ حضرت نواب صاحب ابتدائی موصیوں میں سے تھے۔ آپ نے صدر انجمن احمدیہ قادیان کے نام اپنی آمد کے دسویں حصہ کی وصیت 6 ستمبر 1906ء کو تحریر فرمائی تھی۔ حضرت نواب محمد علی خان صاحب 10 فروری 1945ء کو اس جہان فانی سے رخصت ہو کر اپنے مولیٰ حقیقی سے جا ملے۔ نواب صاحب حضرت مسیح موعود کے قرب میں چار دیواری کے اندر دفن کئے گئے۔ الغرض یہ کتاب ہر احمدی کے ازدیاد علم و ایمان کے لئے بہت مفید ہے۔ چاہئے کہ احمدی احباب اس کتاب کو خود خرید کر بغور اس کا مطالعہ کریں اور ان نیک بزرگوں کے نیک نمونوں کو اپنے اندر جذب کر کے اپنے اور اپنی اولاد کی دنیا و عاقبت کو سنوارنے کا موجب بنیں۔

مکرم رانا مبارک احمد صاحب

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے مسکن

بھیرہ کا یادگار سفر

خاکسار کی بڑی دلی تمنا تھی کہ کسی طرح بھیرہ جاکر حضرت الحاج حکیم نورالدین خلیفۃ المسیح الاول کی ابتدائی زندگی کے مقدس مقامات کو دیکھ سکوں۔ چنانچہ ایک وفد نے مورخہ 2 مارچ 2009ء کو بھیرہ جانے کا پروگرام بنایا۔ جس میں خاکسار کے ساتھ مکرم مرزا نسیم بیگ صاحب، مکرم مبشر احمد ضیاء صاحب اور مکرم محمد عقیل چغتائی صاحب شامل تھے۔ خاکسار ایک رات پہلے ''حیات نور'' جو کہ حضرت خلیفہ اول کی مبارک زندگی پر مشتمل ہے۔ رات گئے تک پڑھتا رہا۔ اگلے دن صبح کو اللہ تعالیٰ کے فضل سے دعاؤں کے ساتھ سفر کا آغاز کیا۔ سفر کے دوران چاروں دوست حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی مبارک زندگی کا ذکر خیر کرتے رہے۔ کار میں تین گھنٹے کے سفر کے بعد ہم اپنی منزل بھیرہ پہنچ گئے۔ سب سے پہلے خدا کا شکر ادا کیا کہ سفر خیریت سے رہا۔ کھانا کھایا، وہاں مکرم اسد نصر اللہ صاحب اور مکرم نصیر احمد صاحب کو فون پر اپنی آمد کی اطلاع دی وہ ہمارا انتظار کر رہے تھے اور ہمارے ساتھ ہولئے اور اس بیت الذکر میں لے گئے جو گول سڑک پر آتی ہے۔ دل خوشی سے باغ باغ تھا۔ اس بیت الذکر کا یادگاری سنگ بنیاد حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے بھیرہ میں تشریف لا کر اپنے دست مبارک سے رکھا۔

بہت ہی خوبصورت اور قدیمی اور تاریخی عمارت ہے چھوٹی اینٹ سے بنائی گئی ہے۔ یہاں پر ہم نے ظہر اور عصر کی نمازیں باجماعت پڑھیں اور تصویریں بنوائیں اس کے بعد ہم احمدی بزرگ مکرم مرزا خدا بخش صاحب کے گھر گئے۔ ہمارے حلقہ کے محترم میاں ظفر اللہ صاحب سیکرٹری اصلاح و ارشاد کے والد صاحب کا بھیرہ میں گھر تھا اور آجکل ان کے بھائی کے بیٹے مکرم اسد نصر اللہ صاحب رہائش رکھتے ہیں۔ یہاں بھی جماعت کے مختلف حالات اور شہر کی تاریخ کے بارے میں معلومات حاصل کی گئیں اور دعائیں کرتے ہوئے یہ قافلہ آگے بڑھا۔ مکرم نصیر احمد صاحب بھیرہ جماعت کے مخلص احمدی ہمیں اندرون شہر لے گئے۔ وہاں دو بیوت الذکر ہیں۔ ایک تو غیر از جماعت کے پاس ہے کبھی یہاں اکٹھے ہی نمازیں پڑھتے تھے اور دوسری وہ جو حضرت خلیفہ اول کا مکان تھا اس کو 1950ء میں بیت الذکر بنایا گیا ہے۔ وہ مبارک کمرہ بھی دیکھا اور ہم نے نوافل ادا کئے جس میں حضرت حکیم نورالدین صاحب 1841ء میں پیدائش ہوئی تھی۔ اجتماعی دعائیں بھی کیں۔

دونوں بیوت الذکر اصل حالت میں موجود ہیں اور چھوٹی اینٹ سے بنائی گئی ہیں۔ گلی کے دوسری طرف ایک ٹوٹا پھوٹا سا کمرہ ہے۔ وہاں مشہور ہے کہ ایک مائی کا تنور تھا جو کہ اب بھی ہے جو اس کا بیٹا چلا رہا ہے۔ حضرت حاجی حکیم نورالدین صاحب کی وہاں شدید مخالفت تھی۔ محلے والوں نے اس مائی کو کہا کہ مولوی صاحب کو روٹی تنور پر پکا کر نہیں دینی لیکن اس نے کہا میں کسی کو بھی روٹی پکا کر نہیں دوں گی سوائے ان حکیم صاحب، مکرم چوہدری محمد اکرم صاحب ہمارے ساتھ رہے اور تفصیل سے آگاہ کرتے رہے۔

اندرون و بیرون شہر بھیرہ کی بھی سیر کی۔ اس کے پانچ دروازے ہیں۔ بھیرہ سب تحصیل اور ضلع سرگودھا کا قدیمی شہر ہے جو کہ دریائے جہلم کے کنارے پر آباد ہے۔ 1901ء میں جب اس کی مردم شماری کی گئی تو 18 ہزار 680 تھی اور اس وقت اس کی آبادی ایک لاکھ کے قریب ہے۔ بھیرہ سنسکرت کا لفظ ہے۔ Aplace where is no fear. یعنی امن کا شہر قدیم زمانے میں اس کو جاب ناتھ نگر بھی کہتے تھے۔ یہاں ریلوے سٹیشن بھی ہے یہ تجارت کا مرکز ہے۔ کپڑا اور میٹل ورک وغیرہ کا کام ہوتا ہے۔ بھیرہ موٹروے ایم 2 لاہور سے اسلام آباد کے درمیان واقع ہے۔ سرسبز شہر ہے۔ اس شہر میں تین ہندوؤں کے مندر ہیں۔ تاریخی مساجد خلجی مسجد اور تغلق مسجد اور ایک سکھوں کا بھی گردوارہ ہے۔ محمود غزنوی اور سکندر اعظم بھی حملہ آور ہوئے تھے۔ یہاں زیادہ تر پنجابی آباد ہیں۔ یہاں تجارت پیشہ اور کاشتکار لوگ رہتے ہیں۔ یہ گندم اور مہندی کی مارکیٹ کے لئے مشہور ہے۔ ٹرین اور بسوں سے پہلے یہاں اونٹ استعمال کئے جاتے تھے۔ دریائے جہلم کے کنارے ہونے کی وجہ سے قدیم زمانے میں یہاں پڑاؤ ڈالا جاتا تھا۔ مکرم عبدالقادر صاحب مربی سلسلہ (سابق سوداگر مل) حضرت حکیم نورالدین صاحب کی ابتدائی زندگی کے بارے میں تحریر کرتے ہیں۔

حضرت مولانا حاجی حافظ حکیم نورالدین خلیفۃ المسیح الاول کے نسب نامہ سے ظاہر ہے کہ آپ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ کی اولاد میں سے تھے۔ آپ کے بزرگوں میں متعدد افراد اولیاء اللہ میں سے ہوئے ہیں۔ آپ کے خاندان کو قرآن مجید کے حفظ کرنے کی طرف بھی بہت توجہ رہی۔ چنانچہ آپ کے شجرہ نسب سے ظاہر ہے کہ آپ سے لے کر اوپر گیارہویں پشت تک تمام بزرگ قرآن مجید حفظ کرتے چلے آرہے ہیں۔ آپ کے والد ماجد کا اسم گرامی حضرت حافظ غلام رسول تھا۔ آپ بھیرہ شاہ پور کے باشندے تھے۔ قرآن کریم سے آپ کو اس قدر عشق تھا کہ ہزار ہا روپیہ صرف کر کے بمبئی سے قرآن مجید لا کر پنجاب کے شہروں اور دیہات میں پھیلایا کرتے تھے۔ آپ کی والدہ ماجدہ اعوان قوم سے تھیں۔ نور بخت نام تھا اور میاں قادر بخش صاحب سکنہ کسانہ کی صاحبزادی تھیں۔ حضرت نور بخت صاحبہ اس زمانے کے دیندار گھروں کے رواج کے مطابق قرآن کریم کا ترجمہ اور کچھ فقہ کی کتابیں شہر کے چھوٹے بچوں کو پنجابی زبان میں پڑھایا کرتی تھیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے بھی قرآن کریم اور چند فقہ کی کتابیں اپنی والدہ ماجدہ ہی سے پڑھی تھیں۔ آپ کے بچپن کا ماحول بھی نہایت پاکیزہ تھا۔ آپ فرماتے تھے کہ آپ کے والدین نے نہ تو کسی بچے کو سزا دی اور نہ گالی۔ آپ کی والدہ محترمہ جن سے سینکڑوں لڑکوں اور لڑکیوں نے قرآن کریم پڑھا ہے وہ اگر کسی بچے سے ناراض ہوتی تھیں تو یہ کہا کرتی تھیں کہ محروم نہ جاویں نامحروم۔

خدا تعالیٰ کا شکر ہے کہ ہمیں بھیرہ میں وہ مقدس مقامات دیکھنے کی سعادت حاصل ہوئی جن جگہوں پر ہزاروں سجدے ہمارے پیارے امام حضرت حاجی حکیم نورالدین صاحب خلیفۃ المسیح الاول نے کئے تھے اور اس طرح واپسی کے سفر میں دعائیں اور ان کا ذکر کرتے ہوئے گھروں کو پہنچ گئے۔

مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

ایک بہادر خاتون حکمران ۔ رضیہ سلطانہ

وہ گھڑسواری اور نیزہ بازی کی ماہر تھی

رضیہ سلطانہ، سلطان التمش کی بڑی بیٹی تھی سلطان کو اس سے بہت پیار تھا۔ اس کی وجہ یہ بھی تھی کہ رضیہ گیارہ بھائیوں کی اکلوتی بہن یعنی التمش کی اکلوتی بیٹی تھی۔ رضیہ کے سبھی بھائی نالائق اور نکمے تھے۔ جبکہ رضیہ سب سے زیادہ ذہین اور عقلمند تھی۔ وہ خوب دل لگا کر پڑھتی۔ اس نے سپاہیانہ فنون بھی سیکھے۔ وہ گھڑسواری، نیزہ بازی اور شمشیر زنی کی ماہر تھی۔ وہ اپنے باپ بادشاہ التمش کو مشورے بھی دیتی۔ جس سے التمش کے ذہن میں یہ بات جم گئی کہ رضیہ ہی اس کی موزوں ترین جانشین ہوسکتی ہے۔ وہ جب بھی دارالحکومت سے باہر جاتا تو حکومت کی باگ ڈور اپنی بیٹی کے سپرد کر جاتا جو اس زمانے میں ایک بڑی بات تھی، کیونکہ لڑکوں کی موجودگی میں عورت کو بادشاہ بنانے کا دستور نہ تھا۔ التمش نے اپنے مشیروں کے دباؤ پر اپنے بیٹے رکن الدین کو جانشین مقرر کیا۔ جو التمش کی وفات کے بعد 1236ء کو تخت پر بیٹھا۔ لیکن چند دن کے اندر ثابت ہو گیا کہ حکومت کرنا اس کے بس کا روگ نہیں۔ چنانچہ اسے تخت سے اتار کر اسی سال رضیہ سلطانہ کو حکمران بنا دیا گیا۔ اس نے زنانہ لباس ترک کر کے مردانہ لباس پہنا اور پھر چند ہی سالوں میں ثابت کر دیا کہ وہ حکمران بننے کی اہل ہے۔ رضیہ سلطانہ نے اپنے دور حکومت میں کئی قلعے فتح کئے اور اپنے خلاف بغاوتوں کو ختم کر دیا۔ لیکن 1239ء میں ایک اور بغاوت میں اسے تخت سے اتار دیا گیا۔ آخری وقت میں بھی اس نے کئی جنگیں لڑیں۔ لیکن ایک جنگ میں شکست کھانے کے بعد گرفتار ہو کر قتل کر دی گئی۔ اس نے تین سال حکومت کی لیکن یہ ثابت کر دیا کہ عورت ہونے کے باوجود حکمرانی کرسکتی ہے۔ تاریخ میں اس کا نام ہمیشہ ایک بہادر خاتون حکمران کے طور پر زندہ رہے گا۔ وہ اس دور میں بھی اور دور حاضر میں بھی خواتین اور بچیوں کے لئے ایک اچھی مثال ہے اور ان کے لئے مشعل راہ بھی ہے۔

رضیہ سلطانہ نے یہ ثابت کر دیا کہ عورت اگر ہمت اور کوشش کرے تو ناممکن کو ممکن بنا سکتی ہے۔ بچیوں کو رضیہ سلطانہ کی زندگی سے سبق سیکھنا چاہئے اور اب جنگی فنون کی بجائے علمی فنون میں دسترس حاصل کرنی چاہئے اور اس میں کمال حاصل کرنا چاہئے۔ خدا کرے کہ احمدی بچیاں بشمول واقفین نو بچیاں علمی میدان میں خوب ترقی کریں اور اپنے والدین اور جماعت کا نام روشن کریں۔

دارچینی
(Cassia Glauca)

بہت کم پھولدار پودے موسم خزاں میں پھول دیتے ہیں۔ خزاں کے موسم میں پھولوں کی بہار ختم ہو جاتی ہے۔ دارچینی کا درخت وہ واحد سدا بہار پودا ہے جو موسم خزاں میں بھی پھول پیدا کر کے موسم بہار کا احساس دلاتا ہے۔ دارچینی کے جھاڑی نما درخت بڑی تیزی سے بڑھتے ہیں۔ مختصر عرصے میں اس جھاڑی کا پھیلاؤ دس بارہ فٹ تک پہنچ جاتا ہے۔ یہ پودا اپریل کے مہینے میں پھول دیتا ہے۔ عام پھولوں کی بہار مارچ میں ختم ہو جاتی ہے۔ یہ پودا ان گھروں میں کاشت کیا جاتا ہے جو خزاں کے موسم میں بہار کا مزہ لینا چاہتے ہوں۔ دیگر سدا بہار پودوں کی طرح دارچینی کے درخت کی عمر بھی بڑی لمبی ہوتی ہے۔ یہ بیس بائیس سال تک پھول پیدا کرسکتا ہے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 100001 میں مبارک احمد

